سوال

salah

جواب

گھر کی باپردہ چھت پر عورت کی نمازالسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کیا گھر کی باپردہ چھت پر عورت دن یا رات کو نماز پڑھ سکتی ہے۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! اگر وہاں کسی غیر محرم کی نظر پڑنے کا خطرہ نہ ہو تو چھت پر نماز پڑھنے میں بظاہر کوئی ممانعت نہیں ہے، لیکن پھر بھی عورت کو چاہیئے کہ وہ ایسی جگہ نماز ادا کرے جو گھر میں سب سے زیادہ محفوظ اور باپردہ ہو۔ جہاں بے پردگی کی کسی شک کی بھی گنجائش نہ ہو۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی

محدث فتوی